In the eyes of non-believers that entity i.e God and phoenix (an imaginary bird) are the same and heaven is no more than a fiction.

[1] ذرّہ ایسی حقیر شے ہے کہ جبتک سورج اس پر نہ چمکے نظر نہیں آتا۔

[2] عنقا ایک خیالی اور فرضی پرندے کا نام ہے۔

نعرہ زد من خود بخود پیدا شدم — کس مرا ناورد از کتمِ عدم

اس نے نعرہ مارا کہ میں از خود پیدا ہو گیا ہوں — کوئی بھی مجھے پردۂ عدم سے نہیں لایا

The non-believers believe that they were born in routine and nobody ever created them.

این جہان و آنچہ ہست اندر جہان — خود بخود پیداست بے ریب و گمان

یہ جہان اور اس میں جو کچھ ہے — بغیر کسی شک کے خود بخود پیدا ہو گئے

This world and whatever it contains undoubtedly came into being in routine.

پس منم آزاد اندر کار خویش — زندگی بس مختصر کوشم بہ عیش

اس لئے میں اپنے ہر کام میں آزاد ہوں۔ زندگی بہت مختصر ہے عیش وعشرت کی کوشش کرتا ہوں

As such I am free to do what I feel like. Life is very short. Therefore, I try to rejoice.

ناصحا! عمر است کم از من مرنج — تا بہ آزادی گذارم روز پنج

اے ناصح! عمر کم ہے مجھ سے ناراض نہ ہو تاکہ میں (عمر کے) یہ پانچ دن تو آزادی سے گذار لوں

O admonisher, life is too short. Don’t be annoyed with me if I spend a few days of my life as I wish.

وقت آزادی و عیش و عشرت است — این قیوداتِ شریعت لعنت است

یہ آزادی اور عیش وعشرت کا وقت ہے — شریعت کی یہ پابندیاں تو لعنت ہیں

This is the time of enjoyment and pleasure and the restrictions of religion are nothing but a curse.

مست میگردم چو مینوشم شراب — میکنم رقصے بہ آوازِ رباب

جب میں شراب پیتا ہوں تو مست ہو جاتا ہوں — رباب کی آواز پر ناچتا ہوں

When I drink alcohol then I get intoxicated and dance to the tune of the violin.

لذتے یابم بسے اندر زنا ‏ ‏ ‏ ‏ میشود صبر از چنین لذت کجا

زنا میں بہت لذت پاتا ہوں ‏ ‏ ‏ ‏ ایسی لذت سے صبر کیسے کیا جا سکتا ہے

I find much pleasure in fornication. How can I restrain from such pleasure?

میشوم فربہ من از نانِ حرام ‏ ‏ ‏ ‏ فربہی از لاغری بہ بردوام

حرام کھانوں سے میں موٹا ہوتا جاتا ہوں ‏ ‏ ‏ ‏ موٹاپا دُبلے پن سے ہمیشہ اچھا ہوتا ہے

I get fatter and fatter by consuming forbidden meals. Obesity is always better than leanness.

نیست اے مشفق دوبارہ زندگی ‏ ‏ ‏ ‏ می رہان مارا ز بارِ بندگی

اے میرے مشفق! دوبارہ زندگی نہیں ‏ ‏ ‏ ‏ ہمیں بندگی کے بوجھ سے چھٹکارا ہی دیدے

O my well-wisher, there is no life again. Give me exemption from the burden of worship.

چون بمیرم تودۂ خاکے منم ‏ ‏ ‏ ‏ وقتِ لذت ترکِ لذت چون کنم

جب میں مرجاؤں تو مٹی کا ڈھیر ہوں ‏ ‏ ‏ ‏ لذت کے وقت لذت کو کیسے ترک کروں

When I die, then I will be heap of dust. How can I forgo pleasure when it is available?

زندگی بار دگر افسانہ ایست ‏ ‏ ‏ ‏ ہر کہ گوید نیست آن دیوانہ ایست

دوبارہ زندگی تو ایک افسانہ ہے ‏ ‏ ‏ ‏ جو کہتا ہے یہ افسانہ نہیں وہ تو دیوانہ ہے

Life after death is a fiction and one who believes that it is not a fiction, is a madman.

باز نامد ہیچ کس از مُردگان ‏ ‏ ‏ ‏ ابلہان دانند شان را زندگان

مُردوں میں سے کوئی بھی دوبارہ واپس نہیں آیا ‏ ‏ ‏ ‏ بیوقوف ان کو زندہ سمجھتے ہیں

From amongst the dead ones nobody has returned again. Fools consider them alive.

صبر چون دارند از اولاد و زن   اے چرا نایند گاہے در وطن

یہ کس طرح اپنی اولاد اور بیویوں سے صبر کرتے ہیں   کیوں وہ کبھی وطن واپس نہیں آتے

How do the dead ones endure the separation of their wives and children? Why don't they return to their home?

احمقان از عیش ہا محروم اند   در خیالِ جنّتِ موہوم اند

بیوقوف لوگ عیش و عشرت سے محروم ہیں   (وہ تو) ایک موہوم جنت کے خیال میں ہیں

Fools are deprived of worldly pleasure .They are in a hope of an imaginary paradise.

یافتند این زندگیٔ مختصر   می کنند اندر مصیبت ہا بسر

انہوں نے اس زندگیٔ مختصر کو پایا   وہ اس کو مصیبتوں میں بسر کرتے ہیں

They have got this short life and are spending their time in miseries.

خانۂ این احمقان از خشتِ خام   مسجد شان با فلک دارد کلام

ان بیوقوفوں کا گھر تو کچی اینٹوں کا بنا ہوا ہے   (جبکہ) ان کی مسجد آسمان سے باتیں کرتی ہے

The houses of these fools are made up of adobes whereas their mosques are phenomenal in height (very beautifully built).

پُر ز گردِ خانہ شان را دیدہ است   مسجد از قالین ہا پوشیدہ است

ان کی آنکھیں گھر کی گرد سے پُر ہیں   اور ان کی مسجد میں قالینیں بچھی ہیں

Their eyes are filled with dust of home whereas their mosque is decorated with carpets.

اکتفا دارند بر لبسِ حقیر   شاد تر ہستند بر نانِ شعیر

وہ ایک حقیر کپڑے پہ اکتفا کرتے ہیں   اور جو کی روٹی پہ بہت خوش ہیں

They are contented with modest clothes and are quite happy with their barley bread.

وقت را ضائع کنند اندر نماز   پیش موہومے ہمیشہ در نیاز

وقت کو نماز میں ضائع کرتے ہیں   ایک موہوم ہستی کے سامنے عجز و نیاز کرتے ہیں

They waste their time in prayers and prostrate and supplicate before an imaginary Entity.

با دغل ملّا زشان گیرد زکات   تا شود در آخرت بہتر حیات

دھوکے کے ساتھ ملّا ان سے زکوٰۃ لیتا ہے   تاکہ آخرت میں ان کی زندگی بہتر ہو جائے

The Mullah (prayer leader) through deception extracts Zakat (poor due) from them in hope of a better life in the Hereafter.

نقد را بر نسیہ دادن ابلہیست   دیدہ بر نا دیدہ دادن گمرہیست

نقد کو ادھار پر دینا بے وقوفی ہے   دیکھی بھالی چیز کو ان دیکھی چیز پر دینا گمراہی ہے

To give cash in lieu of loan is sheer foolishness and to give something seen and known in lieu of unseen and unknown is mere aberrance.

در بیان اینکہ ہر پوشیدہ را نیست دانستن خطا ست

اس بیان میں کہ ہر پوشیدہ چیز کو "نیست" سمجھنا غلط ہے

اگر این مسلّم است خود از وجود انسان انکار لازم آید زیرا کہ

اگر یہ مسلّم ہے تو انسان کے وجود سے بھی انکار لازم آتا ہے کیونکہ

حقیقتِ انسانیہ ہم از نظر پوشیدہ است

ذات انسان بھی جو کہ دراصل روح ہے نظر سے پوشیدہ ہے

واز دلائل و شواھد آشکار است

اور دلائل و شواہد سے ہی ظاہر ہے

A narrative on the misconception that every invisible thing is non-existent is incorrect. If this statement is acceptable then we have to negate our own existence as well because man actually means the soul and the same is not visible but the presence of the soul is proved through certain evidences and logical proofs.

اے برادر! باش اندر خویش گم — تا بہ آن وقتیکہ دل گوید کہ قُم

اے بھائی اپنے اندر گم ہوجا (اپنے وجود کے اندر فکر کر) — اس وقت تک کہ دل خود کہے "اُٹھ"

O brother, reflect within yourself till your heart is convinced.

از وجود خود طلب دلدار خویش — از گلے دریاب گلزار خویش

اپنے وجود سے اپنے محبوب کی طلب کر — جا! ایک پھول سے تو اپنے باغ کو پالے

Try and find your Beloved (Creator) from within i.e from your own existence as one finds the garden from a flower .

در وجود تو ببینم صد نشان — این عیان دال است بر ذاتِ نہان

میں تمہارے وجود ہی میں سینکڑوں نشانات دیکھتا ہوں یہ جو ظاہر ہے اس ذات نہاں پر دلالت کرتا ہے

I see hundreds of signs of the existence of the Creator within you. As your exterior, the seen part is an indicative of the invisible Entity (God).

این دلالت آنچنان بینم قوی — نیستی تو او اگر نیست اے غوی

اس دلالت کو میں اتنا مضبوط دیکھتا ہوں — کہ تو بھی نہیں اگر وہ نہیں اے گمراہ!

The arguments 'given in the following lines are so solid and convincing that if you (O fool) refute these arguments about the existence of God then you too do not exist.

گر تو ہستی اوست موجود اے جوان — ہر نہان را "نیست" تو ہرگز مدان

اگر تو ہے تو وہ بھی موجود ہے اے جوان! — ہر پوشیدہ چیز کو "نیست" (نابود) مت سمجھ کبھی بھی

If you exist then He, the Creator also exists, O young man. Never consider every invisible thing as inexistent.

خود وجودت از وجودِ جانِ تست — جان تو پوشیدہ از چشمانِ تست

تمہارا وجود بھی تمہاری روح کے وجود سے ہے — جبکہ تیری روح تیری آنکھوں سے پوشیدہ ہے

Your very existence depends on the existence of your soul whereas your soul is invisible.

پس اگر جان نیست تو خود نیستی — تو بگو بے جان چگونہ زیستی

پس اگر تیری روح نہیں ہے تو پھر تو بھی نہیں — تو ہی بتا کہ تو روح کے بغیر کس طرح زندہ ہے ؟

So, if your soul does not exist then you too do not exist. Tell me how can you be alive without soul?

نیست نزد تان گر آن ذات نہان — خود شما پوشیدہ اید اے منکران

اگر تمہارے نزدیک وہ پوشیدہ ذات موجود ہی نہیں — تو اے منکرو ! تم خود بھی تو پوشیدہ ہو

If you think that the Invisible Entity (the Creator) does not exist then O unbelievers, you too are invisible (i.e your souls are invisible).

چون نہ بینی خویش را اے نازنین — بر وجود خود چرا داری یقین

جب تم اپنے آپ کو اے نازنین نہیں دیکھتے — تو پھر تم اپنے وجود پر کیوں یقین رکھتے ہو

O my dear, when you do not see your soul, why do you believe in your existence?

در بیان چند دلائل عقلیہ وجود باری تعالیٰ کہ خود در

جو کہ خود — چند دلائل عقلیہ کے بیان میں — وجود باری تعالیٰ کے

ذات ہر انسان بالفعل موجود اند کہ بعد از غور

ہر انسان میں بالفعل موجود ہیں — کہ ان دلائل میں غور و خوض کے

در آن دلائل مدلول را می توان یافت

بعد مدلول کو پایا جاسکتا ہے

A narrative containing a few logical arguments proving the existence of Allah (God) which are found in every individual and if one ponders on these, he will find his goal, in other words he will find Allah (God).

دلیلِ اوّل

First Argument

(About the existence of God)

نیک اگر در اِی بخود فکر اے حبیب   بینی اندر خویش تدبیرے عجیب

اچھی طرح اگر تو اپنے وجود میں فکر کرے اے دوست   تو اپنے اندر ایک عجیب نظام تدبیر دیکھے گا

O Friend, if you ponder over your existence minutely, you will find a marvelous planning within you (planned by Someone).

چون شود معلوم تدبیر اے پسر   در مدبّر شک شود از دل بدر

اے بیٹے ! جب تجھے معلوم ہو جائے کہ تجھ میں کچھ تدبیر ہے تو پھر تدبیر کرنیوالے کے وجود پر جو شک ہے وہ دل سے نکل جائیگا

O son, once it is known to you that there is some planning within you then your doubts about the Planner shall vanish .

ہر تدبّر بر مدبّر ہست دال   بے وجودِ آن وجود این محال

ہر تدبیر اپنے مدبّر پر دلالت کرتی ہے   "مدبّر" کے وجود کے بغیر "تدبیر" کا ہونا محال ہے

Every planning is a proof of a planner. Without the existence of a planner, planning is virtually impossible.

ہر تدبّر از مدبّر صادر است   این سخن از آفتابے ظاہر است

ہر ایک تدبیر "مدبّر" سے صادر ہوتی ہے   یہ بات سورج سے زیادہ ظاہر ہے

Every plan is the handiwork of a planner. This fact is as evident as the existence of the sun.

از نشانہا تو بہ بینی ذات خویش   ورنہ جان خود نمی بینی بہ پیش

تو اپنی ذات کو بھی نشانیوں ہی سے یعنی ہوش و تکلّم سے دیکھتا ہے ورنہ تو روح کو تو سامنے نہیں دیکھتا

Even you see yourself through various signs like sense and speech but you still do not see your own soul. (in front of you.)

ذاتِ واجب را نشانہا در تو ہست   فکر کن تا صد نشان آری بدست

وہ ذات جو واجب الوجود ہے اس کے وجود کی نشانیاں تم میں موجود ہیں فکر کرو تو سینکڑوں نشان ہاتھ آجائیں

The signs of the Creator Whose existence is irrefutable are within you and if you start pondering, you will find hundreds of such signs within you.

روشنی در خانۂ تاریک تر   از وجودِ شمس میدارد خبر

روشنی اندھیرے گھر میں   سورج کے وجود کی اطلاع دیتی ہے

Light in the dark house is indicative of the existence of the sun.

تازگیٔ برگِ گل در بوستان   میکند آگاہ ہست از بحرِ نہان[1]

باغ میں پھول کی پتی کی تازگی تجھے اطلاع دیتی ہے   کہ تمہاری نظروں سے دور کہیں سمندر رہے

The freshness of the flowers in the garden is a proof of the invisible sea (i.e water vapors rise from the sea and form clouds which in turn form into rain and finally water results in the freshness of the flowers' petals).

آنچہ می بینی تو در صحرا دُخان   از وجودِ آتشے دارد بیان

جو تجھے صحرا میں دھواں نظر آتا ہے   وہ آگ کے وجود کو ظاہر کرتا ہے

The smoke which you see in the desert reveals the existence of fire (which you cannot see).

بوئے گُل از گل حکایت میکند   گل سوئے گلشن ہدایت میکند

پھول کی خوشبو پھول کی کہانی کرتی ہے اگرچہ پھول پوشیدہ بھی ہو اور گل گلشن کا راستہ بتاتا ہے

The fragrance of a flower informs you about the presence of flower although the flower is invisible and the flower leads you further to the garden.

اے بسا شے از نشانہا رونماست   ہر نہان را "نیست" دانستن خطاست

پس سمجھ لو کہ بہت سی اشیاء اپنے نشانات سے ظاہر ہیں ہر پوشیدہ چیز کو "نابود" سمجھنا غلط ہے

You should thus understand that most of the things are known through their signs and to consider every invisible thing as inexistent is incorrect.

[1] سمندر سے بخارات اٹھ کر بادل بنتے ہیں جس سے بارش ہوتی ہے اور باغ میں پھول کی پتیاں تازگی حاصل کرتی ہیں۔ (مترجم)

از نشانہا چند بنمایم ترا گر رفیق من شد امدادِ خدا

نشانات باری تعالیٰ میں سے چند نشانات تجھے دکھاتا ہوں اگر اللہ کی امداد نے میرا ساتھ دیا

The poet says, "By the grace and help of Allah (God), I will show you some of the signs of Nature (to prove His existence).

گر مدبر نیست تدبیرے چراست گو صدورِ فعل بے فاعل کجاست

اگر وجود "مدبر" نہیں تو "تدبیر" کیوں ہے ؟ بتاؤ فعل کا صدور فاعل کے بغیر کہاں ہے ؟

If a planner does not exist, how come there can be planning? Similarly, there cannot be any action without a doer.

ہر کجا عقل است آں از عاقلیست ہر کجا قتل است آں از قاتلیست

جدھر عقل ہے وہ عاقل پر دلالت کرتی ہے جدھر قتل ہے وہ قاتل پر دال ہے

The presence of intelligence proves the existence of an intelligent man. Likewise, a murder indicates the presence of a murderer.

ہر کجا شرب است آں از شاربیست ہر کجا کتب است آں از کاتبیست

جہاں شرب (پینا) ہے وہ پینے والے پر دال ہے جہاں کتب ہے وہ کاتب پر دال ہے

As drinking is indicative of a drinker, similarly, writing is indicative of a writer.

ہر کجا صدق است آں از صادقیست ہر کجا فسق است آں از فاسقیست

جہاں صدق ہے وہ صادق پر دال ہے جہاں فسق ہے وہ فاسق پر دال ہے

Veracity is a proof of a veracious person and impiety is a proof of an impious person.

[1] مر ترا داد از پئے رفتن دو پا چون بیک پائے روی از جا بجا

تجھے چلنے کے لئے دو پاؤں دیئے ایک پاؤں سے تو کیسے جگہ بہ جگہ جا سکتا ہے ؟

God has given you two legs for walking. How could you walk with one leg?

[1] یہاں سے نظام تدبیر کی تشریح سے دلیل کا آغاز ہوتا ہے

از برائے چیست میدانی دو دست حکمت صانع درین ہر دو چہ است

کیا تو سمجھتا ہے کہ تیرے دو ہاتھ کس غرض کیلئے ہیں اور بنانے والے کی کیا حکمت ہے ان دونوں میں

Do you understand the purpose of having two hands and the wisdom of the Creator behind this?

یک برائے لقمہ بردن تا دہن یک پئے ناپاک جا ہائے بدن

ایک (ہاتھ) تو لقمہ لے جانے کیلئے ہے منہ تک اور دوسرا ہاتھ بدن کی ناپاک جگہوں کے لئے

With one hand you take food and with the other hand you wash your private parts.

از برائے زندگی باید شکم بود از بہر شکم ناچار فم

انسان کی زندگی کے لئے پیٹ لازمی تھا اور پیٹ کیلئے منہ کی ضرورت تھی

The stomach was essential for human life and for the stomach the mouth was required.

ہر دو داری یا نداری گو مرا لاجرم گوئی کہ دارم ہر دو را

تو یہ دونوں رکھتا ہے یا نہیں رکھتا ذرا مجھے بتا بے شک تو کہے گا کہ میں دونوں رکھتا ہوں

Tell me, do you have both of them or not? No doubt you will say that you have both of them.

درمیانِ ہر دو باید راہ نیز بے رہے سودے نباشد اے عزیز

ان دونوں کے درمیان راستہ بھی چاہیے تھا کیونکہ راستہ کے بغیر ان دونوں میں کنکشن نہیں رہتا، اے پیارے!

A passage was needed between these two (i.e the stomach and the mouth), because without passage there would be no connection in between them (O dear).

آفرید او از برائے رہ گلو بعد ازاں فرمود جملہ را کلوا

اس نے راستہ کے طور پر حلق پیدا کیا اس کے بعد سب کو فرمایا "کھاؤ"

He (God) created the throat as a passage (for passing on the food) and then He ordained all of us to eat.

طفل را دندان نداده آن حمید | شیر در پستانِ مادر آفرید
شیر خوار بچے کو خدا نے دانت نہیں دیئے | اس لیئے ماں کے پستان میں دودھ پیدا کیا

God did not provide teeth to the infant but He produced milk in the mother's breast.

غور کن او شیر را چون میکشد | از که آموخت این کشیدن از احد
ذرا غور کریں وہ دودھ کو کیسے کھینچتا ہے | یہ کھینچنا (چوسنا) اس نے کس سے سیکھا صرف خدا سے سیکھا

Think a while, how the child sucks the milk, who taught him to do so, God alone did so.

آب و نانش ہر دو اندر شیر ہست | از خدا این بوالعجب تدبیر ہست
اس کا روٹی پانی دونوں دودھ میں ہیں | خدا کی طرف سے یہ ایک عجیب تدبیر ہے

The bread and water of the child are both contained in the milk. Observe the unique plan of thy Lord (Allah Almighty .)

ہر دو[1] در باطن شدند از ہم جدا | ہر یکے بشناخت راہِ خویش را
یہ دونوں اندر جا کر ایکدوسرے سے جدا ہو جاتے ہیں | ہر ایک نے اپنا راستہ پہچان لیا

These two items i.e (food and water) get separated once they reach the stomach, each item has identified its own way.

در دہان بنہاد دندان کردگار | بود ہر ماکول را دندان بکار
منہ میں اللہ نے دانت رکھے | ہر کھانے کے لئے دانت چاہییے تھے

Allah (God) has placed teeth in the mouth. For you required the same to eat and bite.

زیر و بالا کرد پیدا صف بصف | زانکہ ناید ہیچ کار از یکطرف
دانتوں کو نیچے اوپر قطار در قطار پیدا کیا | کیونکہ ایک ہی طرف سے مقصد حاصل نہ ہوتا تھا

Allah (God) has designed the teeth in upper and lower rows otherwise it was not possible for you to eat.

[1] یعنی روٹی اور پانی

گوچرا کرد است پیدا کردگار در دہانت چند دندان نوکدار

بتا! کہ کیوں پیدا کئے خدا نے؟ تیرے منہ میں سامنے والے نوکدار دانت

Why did the Creator provide you with sharp teeth (incisors) in the front row?

از برائے لحم و ہر شے مثل آن اینچنین دندان ضروریست اے جوان

گوشت وغیرہ جیسی چیزوں کے کھانے کے لئے اس قسم کے دانت ضروری ہیں اے جوان!

He provided you with sharp teeth because they are essential for eating meat and other things of its kind, O young man.

نیز از دندان بود حسن دہن زو دہن گردد چو غنچہ در چمن

دوسری بات یہ ہے کہ دانتوں سے منہ کی زینت ہے اس سے منہ غنچۂ چمن بن جاتا ہے

Secondly these teeth are a source of facial beauty and as such your face resembles the bud of a garden.

در جوانی دیدۂ رخسار خویش وقت پیری نیز گیر آئینہ پیش

جوانی میں تو نے اپنے رخسار کو دیکھا ہے ذرا بڑھاپے میں بھی آئینہ سامنے رکھ کر دیکھ

You had seen your face when you were young, better see your face in the mirror when you grow old (there shall be a marked difference sans your teeth).

بہر گردانیدن لقمہ زبان آفرید او از برائے آکلان

لقمے کو منہ میں پھرانے کے لئے اس نے کھانے والوں کے لئے زبان پیدا کی

In order to mix the food in the mouth, God Almighty provided you with a tongue.

نیز لذّت بر زبان او آفرید کس نخواہد خورد گر لذّت ندید

نیز اس نے زبان پر لذت پیدا کی کوئی بھی کھانا نہیں کھائے گا اگر لذت نہ دیکھے

Likewise, He created taste bud in the tongue to feel the taste of food otherwise nobody would consume food if he did not feel the taste.

فکر کن در حکمتِ ربّ العباد لذّتے بر پارۂ لحمے نہاد

ربّ العباد کی حکمت میں غور کر کہ اس نے گوشت کے ٹکڑے میں لذّت پیدا کی

Think and ponder on the wisdom of the Creator (of men),Who gave the ability of taste to a piece of flesh i.e Tongue.

ہر کسے از بہرِ آں لذّت خورد ہر لذیذے را بدندان می برد

ہر آدمی اس لذّت کے لئے کھاتا ہے ہر لذیذ چیز کو دانتوں تک لے جاتا ہے

Everyone eats because of the taste and carries every tasty food to the teeth.

چون گذشت آں لقمہ اندر رہگذر لذّتے محسوس میدارد بشر

جب وہ لقمہ اپنے راستے یعنی حلق میں جاتا ہے تو انسان ایک لذّت محسوس کرتا ہے

When the food (morsel) reaches his throat, he (man) feels delighted.

لقمہ با لذّت چو در معدہ رود جوہر از فضلہ جدا آں جا شود

لقمہ جب لذّت کے ساتھ معدہ میں جاتا ہے تو "جوہر" فضلہ سے ادھر ہی جدا ہو جاتا ہے

When the food reaches the stomach, it is here that the faeces get separated from life-giving elements.

جوہرِ لقمہ رسد اندر جگر میشود زو چار اخلاط[1] اے پسر

لقمہ کا جو جوہر ہے وہ تو جگر میں جا پہنچتا ہے اور ادھر جا کر چار اخلاط بنتے ہیں اے لڑکے!

When the essence of the food gets into the liver, it is converted into four important Akhlaat (ingredients). (In medical term blood, phlegm, yellow bile and black bile.)

چار خلط از واجباتِ زندگیست زندگی از لازمات بندگیست

یہ چار اخلاط زندگی کے لوازمات سے ہیں اور زندگی بندگی کے لوازمات سے ہے

These four ingredients are amongst the necessities of life and life itself is for worship to God.

[1] اخلاط طبی اصطلاح میں خون، بلغم، صفرا اور سودا کو کہتے ہیں

آنچہ باقی ماند میگردد منی — اے منی ہرگز مکن چندین منی

اخلاط کا باقی ماندہ نطفہ بن جاتا ہے — اے "نطفے" تو ہرگز اتنا تکبرؔ نہ کر یعنی اللہ کا انکار نہ کر

The leftover of the ingredients is converted into sperm as such O insignificant person (sperm), you should not display pride, meaning thereby that you should not deny the existence of God. (One can see the beauty of the Persian language when a similar word "Manee" means sperm and pride at the same time).

آن منی خود باعثِ نسل شماست — این ہمہ تدبیر از ربّ سماست

وہ نطفہ تمہاری نسل کا باعث ہے — یہ ساری تدبیر آسمان والے خدا کی ہے

This sperm is the cause of your progeny and the entire planning is carried out by the Lord of the Heavens (Allah).

اندر آن آبِ منی تو قان نہاد — میل از و اندر دو مرد و زن فتاد

اس نطفہ کے پانی میں شہوت رکھی — اس کی وجہ سے مرد و زن کے درمیان میل پیدا ہوگیا

Thy Lord has placed sexual desire and attraction in the semen and on this account male and female are attracted towards each other.

تا بہ آن وقتیکہ در شان آب ہست — ہر یکے بہر دگر بیتاب ہست

اس وقت تک کہ ان دونوں میں یہ پانی موجود ہے ہر ایک دوسرے کیلئے بیتاب رہتا ہے

As long as this semen is present in male and female, both yearn for a mating.

اندر آن آبے نہاد او بیش شوق — نیز در انزال پیدا کرد ذوق

اس پانی میں اس نے بہت شوق پیدا کیا — نیز انزال میں ذوق پیدا کیا

Almighty Allah (God) has placed immense desire in semen and a lot of enjoyment in ejaculation.

شد ز اسباب تولّد شوق و ذوق — از تولّد شد تناسل جوق جوق

پھر یہ ذوق و شوق "پیدائش" کے اسباب بن گئے پھر پیدائش سے جوق در جوق تناسل ہوا

This desire and enjoyment resulted in the creation of mankind and this process continued from generation to generation.

؎ لطف یہ ہے کہ منی نطفہ کو بھی کہا جاتا ہے اور "تکبر" کو بھی۔

فضلہ گر یکجا شدے اندر شکم　　زندگی گشتے محال اے محترم

اگر فضلہ ایک جگہ پیٹ میں جمع ہو جاتا　　تو اے محترم! زندگی ناممکن بن جاتی۔

If the stool remained stationed at one place in the belly, life would be impossible, O respectable man.

آفرید از بہر او راہِ خروج　　پیشتر فکرِ خروج است از ولوج[1]

اس فضلہ کے لئے خدا نے نکلنے کا راستہ پیدا کیا　　کیونکہ داخل ہونے سے پہلے نکلنے کی فکر چاہیئے

God Almighty has made a passage for passing out the stool because you have to think for an exit before entry. (This is a famous Arabic proverb.)

آفرید او اشتہا بہرِ طلب　　بے طلب لقمہ نہ آید تا بہ لب

اس نے کھانے کی طلب کے لئے اشتہا پیدا کی　　طلب کے بغیر منہ تک لقمہ نہیں آتا

He (God) created appetite for the quest of food because without hunger you would not eat anything.

جہد میدارد ز فرطِ اشتہا　　تا پئے خوردن بیابد چیزہا

وہ کھانے کی خواہش کی وجہ سے کوشش میں رہتا ہے تاکہ کھانے کیلئے کہیں سے چیزیں حاصل کرے

Because of his desire of food, man is always in search of food so that he can get food stuff from somewhere.

در غمِ روزی بگردد سُو بسُو　　نیست بے غم ہیچ وقت از جستجو

وہ روزی کے غم میں ہر طرف پھرتا ہے　　وہ کسی وقت بھی روزی کی تلاش سے بے غم نہیں رہتا

In his search of food, he moves hither and thither and never sits idle and carefree in his search for livelihood.

آنچنان اندر تلاشِ رزق غرق　　کاندرو گم گشت از پا تا بہ فرق

وہ رزق کی تلاش میں اتنا غرق ہے　　کہ اس میں از سر تا پا گم ہو گیا ہے

He gets so absorbed in his search of food that he even becomes oblivious of his own self.

[1] الخروج قبل الولوج مشہور عربی مقولہ ہے

رزق راہم حق تعالیٰ آفرید پیش از تخلیق بدبخت وسعید

رزق کو بھی خداوند تعالیٰ نے پیدا کر دیا ہے ہر بدبخت اور نیک بخت کو پیدا کرنے سے پہلے

It is thy Lord Who catered for the livelihood of both the fortunate and the unfortunate person before their creation.

خلق کرد او اطعمہ را رنگ رنگ تا بہ یک چیزے نگیرد طبع زنگ

اس نے رنگ برنگ غذاؤں کو پیدا کیا تاکہ ایک ہی چیز سے طبیعت تنگ نہ ہو جائے

He (God) created a variety of food items so that one does not get fed up of eating the same food time and again.

ہم برائے رزق می باید زمین او زمین را کرد پیدا بالیقین

رزق کے لئے زمین ضروری تھی چنانچہ خدا نے زمین بھی پیدا کی

Since land was required for production of various cereals, therefore, God created the land as well.

بود از بہر زمین درکار آب نیز مثلِ آب حرِّ آفتاب

زمین کے لئے پانی کی ضرورت تھی نیز پانی کی طرح سورج کی حرارت کی ضرورت تھی

The land in turn required water, likewise, heat of the sun too was necessary.

ہر دو را مولائے ما موجود کرد فکر کن جوادِ ما چون جود کرد

ان دونوں کو ہمارے مولا نے پیدا کیا غور کرو ہمارے بڑے سخی نے کتنی سخاوت کی

Our Creator created both, the sun and the water. Imagine how generous our Lord has been.

بہر گردیدن ترا او داد پا ورنہ کے یابی بخانہ رزق را

چلنے پھرنے کیلئے اس نے تمہیں پاؤں دیئے ورنہ گھر میں تو رزق کب حاصل کر سکتا

He gave you feet for walking otherwise it would not have been possible for you to fetch food while sitting at home.

نیز از بہر گرفتن داد دست　　تا گرفتہ آوری ہر جا کہ ہست

نیز رزق پکڑنے کیلئے اس نے تجھے ہاتھ دیئے　　تاکہ ہر جگہ سے تو رزق پکڑ کر لائے

Likewise, for holding food, He gave you hands so that you bring food from every place.

این خطا گفتم نبودے چشم اگر　　بود ناممکن ترا تا آن گذر

میں نے یہ غلط کہا　اگر آنکھ نہ ہوتی　　تو پھر اُدھر جانا تیرے لئے ناممکن تھا

I was wrong in saying when I said that you could not move here and there without eyes.

دیدہ دادت تا بہ بینی راہِ خویش　　تا نہ افتد پائے تو در چہ بہ پیش

تجھے آنکھ دی تاکہ تو اپنا راستہ دیکھے اور تاکہ تیرا پاؤں کہیں سامنے کنویں میں نہ جا پڑے

He gave you eyes so that you may see your way and do not fall in a well.

زندگی مشکل بود بے یار ہا　　بایدت امداد اندر کار ہا

بغیر ساتھیوں کے زندگی نہیں گذرتی　　کیونکہ تجھے کاموں میں امداد کی ضرورت ہے

It becomes difficult to live without companions because you require their help in doing your work.

بہر یاری خواستن دادت زبان　　در مُھمّاتُ الاُمور از این و آن

مشکلات میں دوسرے سے مدد مانگنے کے لئے تجھے زبان عطا کی ہے

He (God) gave you the power of speech in order to seek help from others in difficulties.

ناید از دستِ تو تنہا ہیچ کار　　مصطفےٰ ﷺ ہم داشت شخصے یارِ غارؓ[1]

اکیلے تیرے ہاتھ سے کوئی کام نہیں بنتا　دیکھ مصطفےٰ (صلی اللہ علیہ وسلم) بھی ایک شخص "یارِ غار" رکھتا تھا

You cannot achieve your goal alone or single-handedly even a great Prophet like Muhammad Mustafa (may Allah honour him and grant him peace) had a bosom friend i.e Hazrat Abu Bakr Siddique (may Allah be pleased with him), (one of the companions of the Prophet Muhammad (may Allah honour him and grant him peace) who stayed in the cave with the Prophet Muhammad (may Allah honour him and grant him peace) while migrating from Makkah to Madina). (That is why Hazrat Abu Bakr (may Allah be pleased with him) got the title of "Yaar-e-Ghaar" meaning thereby, the friend in the cave.)

[1] یعنی صدیق اکبرؓ جو غار ثور میں آپؐ کے ساتھ تھے۔ چنانچہ یار غار آپؓ کا لقب ہے۔

گر نہ دادے گوشت از گنجِ کرم کے بُدے آگہ تو از لا و نعم

اگر وہ اپنے کرم کے خزانے سے تجھے "کان" عطا نہ کرتا تو کسی کی "ہاں" یا "نہ" سے کس طرح آگاہ ہوتا

If thy Lord (Allah) did not provide you with ears from the treasures of His bounties, how could you understand and respond to someone's speech?

بشنوی آوازہائے دوستان ہم سرودِ طائرانِ گلستان

تو کانوں سے دوستوں کی آوازیں سنتا ہے نیز گلشن کے پرندوں کے گانے بھی

Your ears enable you to hear the voices of your friends and also singing of the birds in the garden.

نیز شورِ مہلکاتِ راہِ خویش تا شوی محفوظ از ایذا و ریش

نیز اپنے راستہ کی مہلک چیزوں کے شور کو بھی تاکہ تو آفت کی ایذا سے محفوظ رہے

Likewise you hear the noise of fatal things in your way so that you remain safe from harm and calamities.

گرچہ از حق نعمتِ عظمیٰ است گوش کے رسد ایں نعمتِ عظمیٰ بہ ہوش

اگرچہ "کان" خدا کی بہت بڑی نعمت ہے لیکن یہ نعمت عقل و ہوش کی نعمت کو نہیں پہنچتی

There is no denying the fact that the faculty of hearing is a great blessing of God but is in no comparison with intellect and sensory abilities.

ہوش در انعام در اعضا چو سر بے سرے اعضا چہ باشند اے پسر

جنسِ نعمت میں عقل اس طرح ہے جس طرح سارے اعضا میں سر۔ سر کے بغیر اعضاء بے کار ہیں۔ اے بیٹے!

O son, amongst the blessings of God, intellect is like a head among the organs of the body and without a head all organs are useless.

زندگی گر ہوش باشد زندگیست زندگیٔ بے ہشاں شرمندگیست

اگر ہوش ہے تو زندگی زندگی ہے بے ہوشوں کی زندگی شرمندگی ہے

If you have sense, you understand life otherwise life of the people without intellect is mere disgrace.

ہیچ کارے ناید از دیوانگان　　بے ہشان بارند بر فرزانگان

دیوانوں سے کوئی کام نہیں ہو سکتا　　بے ہوش لوگ ہوشیاروں پر بوجھ ہیں

Insane people are good for nothing rather they are a burden on sensible ones.

ہوش دادت تا ز دنیا برخوری　　بار ہائے خود بدوش خود بری

تجھے ہوش دیا تاکہ تو دنیا سے فائدہ اٹھائے اور اپنے بوجھ کو اپنے کندھوں پر خود اٹھائے

God blessed you with senses in order to benefit from the worldly things and also to shoulder your own responsibilities.

ہوش دادت تا کنی بہبودہا　　از ہمہ انعام گیری سودہا

تجھے ہوش دیا تاکہ تو اپنے بہبود کا کام کرے اور اللہ کی ساری نعمتوں سے فائدہ اٹھائے

God blessed you with senses to work for welfare and to benefit from all the blessings of Allah.

گر تو داری اندکے فہم سخن　　فکر دائم اندرین تدبیر کن

اگر تو خود بھی فہم سخن رکھتا ہے تو اس تدبیر میں ہمیشہ غور کر جو تجھ میں پائی جاتی ہیں

If you are a man of understanding, you should always reflect on the plan that exists within you.

فکر کردن ساعتے اے خوشخصال　　می بود بہتر ز زہد شصت سال

ایک ساعت بھی فکر و تدبر کرنا اے خوش خصال　　ساٹھ سال کی عبادت سے بہتر ہے

It is said that a moment's meditation is better than sixty years prayer, O gentleman.

فکر کن در فکر گم شو روز و شب　　تو مکن تقلید شخص بے ادب

فکر کرو اور فکر میں روز و شب گم ہو جاؤ　　تو بے ادب شخص کی تقلید نہ کر

You should meditate and think day in and day out and never imitate an ignorant person.

در پس شان ہمچو اعمیٰ میروی　　شان غوی ہستند می باشی غوی

ان کے پیچھے اندھوں کی طرح جاتے ہو　　یہ خود گمراہ ہیں تجھے بھی گمراہ کرتے ہیں

You follow them (atheists) like a blind person. They have gone astray and they will make you go astray as well.

این نمیدانی چگونہ راہ ہست ۔۔۔ بے خطر راہیست یا پُر چاہ ہست

یہ تو نہیں جانتا کہ یہ راہ کیسی ہے ۔۔۔ یہ راہ بے خطر ہے یا کنوؤں سے پُر ہے

You are ignorant about the path you are treading (atheism) whether this road is safe or full of wells.

ہرچہ میگویند میدانی حق است ۔۔۔ بے دلیلے این صفات احمق است

جو کچھ وہ کہتے ہیں تو بغیر دلیل کے سمجھتا ہے کہ سچ ہے ۔۔۔ یہ تو بیوقوفوں کی صفات ہیں

You have blind faith in those who have gone astray and you believe in their convictions even if they are illogical, my dear this is an ample proof of the fools to accept everything without reasoning.

کور ہستی در پس کورے روی ۔۔۔ میروی شادان نہ بازورے روی

تو خود اندھا ہے اور اندھوں کے پیچھے جاتا ہے ۔۔۔ تو خوشی سے جاتا ہے کسی کا زور نہیں ہے

You are blind and you follow the blind with your own free will.

راہ بس تاریک و رہبر بے چراغ ۔۔۔ چو رسی تا خانہ اندر دشت و راغ

راستہ بہت تاریک ہے اور راہبر بے چراغ ہے ۔۔۔ تو بیابان و جنگل سے گھر تک کیسے پہنچے گا

The road is very dark and the guide is without a lamp. How can you reach home from the far off forest and desert?

شمس را خود از شعاعِ او بیاب ۔۔۔ روئے از تقلیدِ خفّاشان بتاب

سورج کو اس کی شعاعوں سے پاؤ ۔۔۔ اور چمگادڑوں کی تقلید سے منہ موڑو

Find the sun by its rays and turn away your face from imitation of bats.

گرچہ ما داریم تقلیدِ نبیؐ ۔۔۔ از خدا دارد دلائل اے غبی

اگرچہ ہم نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کی تقلید کرتے ہیں ۔۔۔ اے غبی! وہ تو خدا کی طرف سے دلائل رکھتے ہیں

Although we imitate the Holy Prophet (may Allah honour him and grant him peace) but o simpleton, he is divinely guided.

معجزاتِ او کثیر است از نجوم ۔۔۔ میشوی گر جملہ را گویم چو موم

اُن کے معجزات ستاروں سے بھی زیادہ ہیں ۔۔۔ اگر میں سب کو بیان کروں تو تم موم ہو جاؤ

The miracles of the Prophet (may Allah honour him and grant him peace) are more than stars and if I start narrating them, you will bow in submission like wax.

گر کنم آن جمله را یک یک بیان   میشود دیگر کتابے اے جوان

اگر میں ان سب کو ایک ایک کر کے بیان کروں   تو اے جوان! ایک دوسری کتاب بن جائے

If I start narrating the miracles of the Holy Prophet (may Allah honour him and grant him peace) one by one, I am afraid, I will have to write a separate book (O young man).

ہر چہ گوید از خدا گوید رسولؐ   ہست ہر یک قول او ما را قبول

رسول (صلی اللہ علیہ وسلم)، جو کچھ کہتے ہیں خدا کی طرف سے کہتے ہیں   اُن کا ہر قول ہمیں قبول ہے

Whatever the Holy Prophet (may Allah honour him and grant him peace) says, is from God. Every saying of his is acceptable to us.

گرچہ ما داریم تقلیدِ امام   قول او باشد مدلّل بر دوام

اگرچہ ہم امام کی تقلید کرتے ہیں   (لیکن) اس کا قول ہمیشہ مدلّل ہوتا ہے

Although we follow one Imam but his saying is always based on reason. (So far Islamic jurisprudence is concerned, there are four Imams (scholars of eminence), one has to follow anyone of the Imams on his own free will. The author states that though we follow one Imam but this following is based on solid reasoning and knowledge. It is not blind following.)

نیست قولش بے دلیلے اے علیل   نیست ہر کس را ولے علمِ دلیل

اے علیل! امام کا ایک قول بھی بے دلیل نہیں ہے   لیکن ہر آدمی کو دلیل کا علم نہیں ہے

O infirm person;.No saying of Imam is without argument but the layman does not have capacity to understand that.

آیتے باشد دلیلش یا خبر   یا برین ہر دو قیاس است اے پسر

اس کی دلیل آیت یا حدیث ہوتی ہے   یا ان دونوں پر قیاس کرتے ہیں اے بیٹے!

His argument is based on the verses of the Holy Qur'an or sayings of the Holy Prophet (may Allah honour him and grant him peace) or he draws inference from these two. (For example, Heroine can be equated with alcohol which is mentioned in the Holy Qur'an. It will come in the category of alcohol).

ما نمیگیریم از غیرِ رسولؐ   بے دلیلے ہیچ قول اے بو الفضول

اے فضول آدمی!   ہم غیر رسولؐ سے بے دلیل کوئی قول بھی قبول نہیں کرتے

O good for nothing fellow; we do not accept any word other than the Holy Prophet (may Allah honour him and grant him peace) without reasoning.

ہر امام از بہر اثباتِ سخن　　آورد برہانِ خود باور بکن

ہر امام بات کو ثابت کرنے کیلئے　　تو یقین کر کہ وہ اپنی دلیل پیش کرتا ہے

In order to prove his saying every Imam has to give solid reasons and arguments. You must bear this in mind.

گر نباشد باورِ تو بر فقیر　　از اصول فقّہ کن خود را خبیر

اگر تیرا یقین اس فقیر پر نہیں ہے　　تو علم اصول فقہ سے اپنے آپ کو باخبر کر

If you do not believe and trust this humble man then you should abreast yourself with the principles of Islamic jurisprudence.

من نگویم ہست بہتر خودسری　　بل بینم اندر اتّباعے بہتری

میں نہیں کہتا کہ خودسری بہتر ہے　　میں اتّباع میں بہتری دیکھتا ہوں

I do not recommend egocentricity. I see betterment in imitation.

گر نداری علم تا حق چون رسی　　چون نمی پرسی ز عالم بد کسی

اگر تیرے پاس علم نہیں تو خدا تک کیسے پہنچے گا　　جب تو کسی عالم سے نہیں پوچھتا تو تو بُرا آدمی ہے

If you lack knowledge, it will be impossible for you to find your Creator and if you do not learn and educate yourself from the scholars then you are a useless fellow.

در کتاب اللہ دیدم این سخن　　گر نداری علم استفسار کن

میں نے قرآن میں یہ بات دیکھی ہے　　تو اگر علم نہیں رکھتا تو دوسروں سے پوچھ لے

There is a verse in the Holy Qur'an that if you do not have knowledge about something you should seek knowledge from the knowledgeable.

اجتہادے کار ہر ناکارہ نیست　　زان سبب جز اتّباعے چارہ نیست

اجتہادی مسائل میں اجتہاد ہی ہر ایک ناقص آدمی کا کام نہیں　　اس لئے اتّباع کے بغیر چارہ نہیں ہے

Religious research is not the field of a layman as such there is no way out but to imitate and follow.

آن سلف در زہد و در علمے جبال — کم کسے باشد چو شان در قال و حال

وہ ہمارے اسلاف زہد و علم کے پہاڑ تھے — ان کی طرح قال و حال میں کوئی کم ہی ہوگا

Our predecessors were like mountains of piety and knowledge. There are very few like them in deeds and words.

ہر یکے محتاط اندر اجتہاد — جملہ امّت راست بر شان اعتماد

ہر ایک اجتہاد میں بہت محتاط ہے — سب امّت کو ان پر اعتماد ہے

Each one of them was very careful in religious research. The whole Muslim Ummah (Muslim community) has trust in them.

ہر چہ شان گفتند گفتند از کتاب — وز حدیثِ احمد از شان رُخ متاب

جو انہوں نے کہا کتاب اللہ سے کہا — یا حدیث رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) سے، ان سے روگردانی نہ کر

Whatever they said, they borrowed from the book of God (the Holy Qur’an) or from the sayings of the Holy Prophet (may Allah honour him and grant him peace). So, do not turn your face from them.

لیک با این نیست مامون ہیچ کس — از خطا کین رتبہ مرسل راست و بس

لیکن با ایں ہمہ کوئی بھی غلطی سے محفوظ نہیں — کیونکہ یہ رتبہ تو صرف نبیؑ کو حاصل ہے

But nevertheless none is immune from lapses and mistakes because this honour is only for the Prophets (who are infallible).

نیست تقلید اے اخی خالی ز سود — نا روا باشد ولے در وے جمود

اے بھائی! فائدہ سے تقلید بھی خالی نہیں ہے — لیکن اس کے اندر جمود اچھا نہیں ہے

O brother, imitation is also not devoid of benefit but statusquo is not good.

اے کہ ہستی منکر از مولائے خویش — فرق اندر ہر دو تقلید است بیش

اے کہ تو اپنے مولائے پاک کا منکر ہے — دونوں تقلیدوں میں بہت بڑا فرق ہے

O the person who is denier of his God, there is a very big difference in the two imitations.

این تزارہ می نماید تا بہ نور آن برد در ظلمتے از نور دور

یہ تجھے نور کی طرف راستہ دکھاتی ہے وہ تجھے ظلمت کی طرف نور سے دور لے جاتی ہے

This reasonable imitation shows you the path towards light whereas the unreasonable imitation leads you towards darkness and thus takes you away from the light.

این رساند آخر اندر کوے یار وآن ترا آخر در آن وادیٔ نار

یہ تجھے آخر دوست کے کوچہ میں پہنچاتی ہے جب کہ وہ تجھے آگ کی وادی میں

This reasonable imitation finally takes you to your destination i.e God while the unreasonable imitation leads you to the valley of hell.

حکایت در معنیٰ اینکہ تقلید جامد انسان را چنان

قصہ اس معنیٰ میں کہ تقلید جامد انسان کو اس قدر بے وقوف بناتی ہے

بیوقوف می گرداند کہ سنگ را ہیزم می گوید

کہ وہ پتھر کو لکڑی کہتا ہے

An Anecdote about blind imitation which makes a man foolish to the extent that he considers a stone as wood

دیدہ ام من این حکایت در کتاب من گرفتم زو تاثر بیحساب

میں نے یہ قصہ کتاب میں دیکھا ہے میں نے اس سے بہت اثر لیا ہے

I read this story in a book and I was highly influenced.

وعظ جز از قصہ بار دل شود قلب با فکر دگر شاغل شود

قصہ کے بغیر وعظ دل پر بوجھ بن جاتا ہے اور دل دوسرے فکر میں مشغول ہو جاتا ہے

(It is rightly said) that mere sermons without an anecdote become boring and people are distracted from the main topic and they get engaged in some other thought.

نزدِ من ہر قصّہ اندر کلام — ہمچو ملحے می بود اندر طعام

میرے نزدیک باتوں میں ہر قصّہ — کھانے میں نمک کی طرح ہے

In my opinion a story in any speech or lecture is like salt in a meal.

ہر کلامے بے حکایت بے مثال — بے گمان بر سامعان گردد وبال

ہر کلام جو تمثیل اور قصّہ کے بغیر ہو — بلاشبہ وہ سامعین پر وبال بن جاتا ہے

Every discourse without illustration and story gets monotonous and thus becomes a burden on the audience.

گر نہ سود و نفع اندر قصّہ ہاست — قصّہ ہا اندر کتاب اللہ چراست

اگر قصّوں کے اندر نفع نہیں ہے — تو اللہ کی کتاب میں قصّے کیوں ہیں؟

If the stories were not beneficial then why are these stories narrated in the book of Allah (the Holy Qur'an)?

بود مردے سادہ در ہندوستان — یک حکیمے بود اندر قرب آن

ہندوستان میں ایک سادہ آدمی تھا — اس کے قریب ہی ایک حکیم رہتا تھا

There was a simple man in India and a physician lived nearby him.

روز و شب بُد غرق در تقلید وے — بر زبانش دم بدم تحمید وے

وہ دن رات اس کی تقلید میں غرق تھا — اس کی زبان پر ہر وقت اس حکیم کی تعریف تھی

This simple man used to follow that physician blindly and was all praises for him.

وصف او می گفت در ہر محفلے — پیش ہر دانا و ہر یک جاہلے

ہر محفل میں وہ اس کی تعریف کرتا تھا — ہر ہوشیار اور ہر جاہل کے سامنے

He praised him in every gathering amidst fool and wise men.

نیست در دنیا بسانِ او حکیم　　بے خبر مردم ازین شخص عظیم

کہ اس کی طرح دنیا میں کوئی حکیم نہیں　　اس عظیم شخص سے لوگ بے خبر ہیں

He said that there is no such physician in the entire world but people are unaware of this great man.

حیف اندر وقت قدر اوست کم　　چون نمیگردد پریشان این دلم

افسوس ! اس زمانے میں اس کی قدر کم ہے　　میرا یہ دل کیسے پریشان نہ ہو

But Alas! this person is worthless at this point of time. Why should I not be sad on this account?

جملہ عالم بے خبر زین محترم　　خدمتش اے خلق تنہا چون کنم

سب جہان اس محترم سے بے خبر ہے　　اے لوگو ! میں اکیلا اس کی خدمت کس طرح کروں

The whole world is unaware of the worth of this respectable man. O people, how can I serve him alone?

حاضرم در خدمت او بار بار　　چند برخیزد غبار از یک سوار

میں حاضر ہوں اس کی خدمت میں بار بار　　لیکن ایک سوار کتنی گرد اڑا سکتا ہے

Though I am there to serve him all the time but nothing can be achieved single-handedly as a saying goes “a single rider can raise insignificant dust”.

ہست افلاطون و جالینوس وقت　　در خورِ صد عزّت و ناموس وقت

وہ وقت کا افلاطون اور جالینوس ہے　　اور سینکڑوں عزتوں اور خدمتوں کے لائق ہے

He can be termed as Plato and Galen of the time and is worthy of hundreds of honours and respects.

نزدِ من بے قدریٔ اہلِ ہنر　　در گناہان این گنہ مذموم تر

میرے نزدیک اہل ہنر کی بے قدری　　سب گناہوں سے مذموم تر یہ گناہ ہے

To devalue and degrade a specialist is worst of all sins.

لیک قدرِ زر شناسد زرگرے　　جوہری را ہست قدرِ جوہرے

لیکن زر کی قدر زرگر ہی جانتا ہے　　اور جوہری ہی کو جوہر کی قدر ہوتی ہے

Only the goldsmith knows the value of gold. Similarly, the jeweler knows the worth of a jewel.

گرچہ لافِ عقل و ہوشے می زنند　　با خزف گوہر برابر می کنند

یہ لوگ اگرچہ عقل و ہوش کی لاف مارتے ہیں　　خزف کے ساتھ گوہر کو برابر کرتے ہیں

Although the common people boast of wisdom and sanity but they equate gem with earthenware.

آہ! اندر جمعِ زاغان بُلبلے　　ہست بس نا آشنا محزون دلے

افسوس کہ کوّوں کے گروہ میں ایک بلبل　　بہت نا آشنا اور غمگین دل ہے

Alas! A nightingale among the group of crows is very unfamiliar and sad at heart.

زیرکے اندر گروہِ خود سران　　ہمچو آہو بس غریب اندر خران

ایک عقلمند آدمی خودسروں کے گروہ میں　　اس طرح غریب ہے جس طرح ہرن گدھوں میں

An intelligent man among a group of arrogant people is a stranger like a deer among the donkeys.

گر بدادی دُر بدستِ طفل کوے　　اندر آن دم افگند در آبجوے

اگر آپ موتی کسی بچے کے ہاتھ میں دیں گے　　تو وہ اسی وقت اس کو نہر کے پانی میں پھینک دیگا

If you give a pearl in the hand of a child, he will immediately throw it into a canal.

گر نہی دیوانہ را گُل بر کلاہ　　زود بینی زیر پایش مثلِ کاہ

اگر تم دیوانے کی ٹوپی میں پھول رکھو گے تو جلد ہی تم اس کو پاؤں کے نیچے تنکے کی طرح دیکھو گے

If you place a flower in the cap of a lunatic, he will immediately throw it under his feet like a straw.

این چنین میکرد وصفِ حکمتش ٭ صرف در مدحش ہمیشہ ہمتش

اس طرح وہ اس کی حکمت کی تعریف کرتا تھا ٭ اس کی ہمت ہمیشہ اس کی تعریف میں صرف ہوتی

This simple person used to spend all his energies to praise the professional competence of that physician.

در حقیقت آن حکیمِ ناحکیم ٭ کے خبر میداشت از حالِ سقیم

حقیقت میں وہ حکیم ناحکیم ٭ بیمار کے حال سے کیا خبر رکھتا تھا ؟

In fact that man was not a physician. How could he understand about the illness of a patient?

او مگر روئے طبیبے دیدہ بود ٭ زان طبیبے خویش را نامیدہ بود

اس نے شاید کسی طبیب کے منہ کو دیکھا تھا ٭ اسی لئے اس نے اپنا نام طبیب رکھا تھا

Perhaps he had seen the face of a physician and that was the reason he named himself a physician.

کم کسے خواہد ہنر آموختن ٭ ہر کسے داند درم اندوختن

کم ہی کوئی ہنر سیکھنا چاہتا ہے ٭ ہر ایک آدمی پیسے جمع کرنا چاہتا ہے

Very few people want to learn a skill. Everyone wants to gather money.

نیم دنیا را کشد نادان طبیب ٭ صیدِ آن نادان شود ہر بدنصیب

آدھی دنیا کو نادان طبیب مارتا ہے ٭ ہر بدنصیب اس نادان کا شکار ہوتا ہے

A quack kills half of the world. Every unfortunate person becomes a victim of his ignorance.

میکند با جانہا بازی شریر ٭ می نترسد از خداوند قدیر

وہ شریر، جانوں کے ساتھ کھیل کھیلتا ہے ٭ وہ خداوند قدیر سے نہیں ڈرتا

That evil person plays with the lives of the people because he does not fear the Almighty God.

یک پسر میداشت آن مرد جہول　　بود مثل جان و دل او را قبول

وہ جاہل آدمی ایک بیٹا رکھتا تھا　　وہ جان و دل سے اسے پیارا رکھتا تھا

That simple person had a son whom he loved very dearly and deeply.

اتفاقاً آن پسر بیمار شد　　درد او بر اہل خانہ بار شد

اچانک وہ لڑکا بیمار ہو گیا　　اس کا درد گھر والوں پر بوجھ بن گیا

Suddenly, the boy (his son) fell ill and his pain became a burden for the family members.

گر شود در خانہ یک مردے سقیم　　قلب جملہ خانہ میگردد دو نیم

اگر گھر میں ایک آدمی بیمار ہوتا ہے　　تو سب گھر والوں کا دل پارہ پارہ ہو جاتا ہے

If a single person in a house gets sick, everyone in the family is saddened and bereaved.

آب و نان بر جملہ میگردد حرام　　آہ و نالہ کار شان باشد مدام

روٹی پانی سب پر حرام ہو جاتا ہے　　آہ و زاری ان کا ہمیشہ کا کام ہوتا ہے

The entire family stops eating and drinking while weeping and wailing become their routine.

زود آورد آن حکیم خویش را　　خانۂ تاریک تا گیرد ضیا

جلد ہی وہ اپنے حکیم کو لے آیا　　تاکہ اس کا تاریک گھر روشن ہو جائے

Soon he called his physician so that his dark home becomes bright meaning thereby that happiness returns to his home.

چون نہاد آن محترم در خانہ گام　　گفت اکنون غم مدار اے نیکنام

جب اس محترم نے گھر میں قدم رکھا　　تو کہا اے نیکنام! اب تو کوئی غم نہ کر

The moment the revered physician (sarcastic) entered his house, he exclaimed that there is nothing to worry now, O gentleman.

نبضِ او بگرفت و شد ساکت دمے   تا رہاند دوستان را از غمے

اس نے اس کی نبض پکڑی اور تھوڑی دیر خاموش رہا   تاکہ دوستوں کو غم سے چھڑا لے

The physician felt the pulse of his son and remained quiet for a while in order to console the bereaved family.

گفت صد افسوس قد مات الولد   لن تراہ ضاحکاً حتی الابد

اس نے کہا افسوس! لڑکا تو مر گیا   ہر گز اس کو تو ابد تک ہنستا نہ دیکھے گا

(The physician broke the silence) and said Alas! "your son is dead and you will not see him smiling till eternity".

گر بنالی مثلِ رعدِ آسمان   بر نمی خیزد ازین خواب گران

اگر تو رعدِ آسمان کی طرح بھی گڑگڑا کر روئے   وہ اس گہری نیند سے نہیں اٹھے گا

Even if you weep like the thunder in the sky, he will not rise from this deep sleep of death.

بعد از موتش مرا دادی خبر   تا کنون بودی کجا اے ابنِ خر

اس کی موت کے بعد تو نے مجھے اطلاع دی   اے گدھے کے بیٹے! تو اب تک کہاں تھا؟

You informed me about his illness after his death. Where had you been till now? you jackass (meaning thereby that why was he not informed in time).

من نہ چندان دور بودم اے لعین   مُرد از نادانیت این نازنین

اے لعین! میں تجھ سے اتنا دور تو نہ تھا   تمہاری نادانی سے یہ نازنین مر گیا

The physician grumbled and stated that I was not far away from you and your beloved son died because of your negligence.

شور شد در قریہ مُرد ابنِ فلان   رفتنی است اے خلق آخر زین جہان

بستی میں شور ہوا کہ فلاں کا بیٹا مر گیا   اے لوگو! دنیا سے آخر جانا ہی ہے

The news of the death of the boy soon spread in the town. As a matter of fact everyone shall leave this world one day, O my friends.

گر غریبے ہست یا اسکندرے ور گنہگارے ست یا پیغمبرے

اگر کوئی غریب ہے یا سکندر ہے اور اگر کوئی گنہگار ہے یا پیغمبر ہے

If someone is poor or great as Alexander and if someone is sinner or a Prophet…

جملہ را آخر ز دنیا رفتن است جملہ را آخر بگورے خفتن است

سب کو آخر دنیا سے جانا ہے اور سب کو آخر ایک قبر میں سونا ہے

Eventually everybody has to go from this world and everybody has to sleep in a grave ultimately.
(All paths of glory lead but to the grave whether a king or a pauper. Ultimately everybody has to go to the grave .)

ہر کرا چون ہست پا اندر رہے دل نہد اندر جہان کے آگہے

جب ہر آدمی کا پاؤں راہ میں ہے تو ہوشیار آدمی کب دنیا میں دل رکھے گا

When each one of us is on his way to the hereafter, how can a wise man attach his heart to this world?

عاقلان را نیست در دنیا قرار بر سر پل کے نشیند ہوشیار

عقلمندوں کو دنیا میں کوئی آرام نہیں ہوشیار آدمی کب پل پر بیٹھتا ہے

The wise men do not find any comfort in this world. A sensible man will never stay or rest at a bridge.

ہر کسے باشد بدنیا میہمان میزبانے نیست کس اندر جہان

ہر آدمی دنیا میں مہمان ہے دنیا میں کوئی بھی میزبان نہیں

Everybody is a guest in the world and no one is a host here.

ہر مسافر را بود دل در وطن گرچہ اندر راہ بیند صد چمن

ہر مسافر کا دل وطن میں ہوتا ہے اگرچہ وہ راستے میں سینکڑوں چمن دیکھے

Isn't this a fact that every traveler longs for his native land, even if he comes across hundreds of gardens in the way.

از جہان اے دوستان دل برکنید | دل بسوئے آن یکے دلبر کنید

اے دوستو! دنیا سے دل اٹھاؤ | دل اسی ایک دلبر کی جانب کر دو

(Here the author gives a piece of advice) i.e O friends, keep your heart away from the world and turn it towards the One Beloved (God).

مردمان گشتند گرد مُردہ جمع | صورتِ پروانگان در گرد شمع

لوگ میت کے گرد جمع ہو گئے | جیسے پروانے شمع کے گرد جمع ہوتے ہیں۔

(Reverting back to the story) People gathered around the dead body like moths around the candle.

قلب ہا پرداغ مثل لالہ ہا | قریہ شد شہرے ز شور نالہ ہا

لوگوں کے دل لالہ کی طرح داغدار تھے | وہ قریہ شور و نالہ کی وجہ سے بڑا شہر بن گیا

The hearts of the people resembled the spotted tulip flower and due to the lamentation, the village turned into a big city.

جوئے خون از چشم خود ہر مرد راند | بر سر جملہ زنان موئے نہ ماند

ہر مرد نے اپنی آنکھوں سے خون کی نہر بہادی | تمام عورتوں کے سر پہ ایک بال بھی نہ رہا

It seemed as if the eyes of the men were oozing blood and it appeared that not a single lady had hair on her head. (The author exaggerates that the women plucked all of their hair while weeping).

اندر آن دم یک طبیبے ہم رسید | چون گرفتش نبض او را زندہ دید

اسی وقت ایک اور طبیب بھی آ پہنچا | اُس نے جب اس کی نبض پکڑی تو اس کو زندہ پایا

(While the wailing and crying was on) Another physician also reached there. When he felt his pulse, he found him alive.

گفت ہین این نالہا از بہر چیست | نبض میگوید کہ در وے زندگیست

اس نے کہا لوگو! یہ رونا کیسا؟ | نبض بتاتی ہے کہ اس میں زندگی ہے

He said, o people, "why are you weeping?" "His pulse indicates that he is alive".

زندگی در وے است مانندِ شما قابضُ الارواح نامد از سما

اس میں زندگی ہے تمہارے جیسی (ابھی) روح قبض کرنے والا فرشتہ آسمان سے نہیں اترا

The (real) physician said that he is still alive like you and the angel of death has not yet descended from the sky.

غم مدار این پسر بیہوش ہست ہوشِ او از مغز او روپوش ہست

غم نہ کرو یہ لڑکا بے ہوش ہے اس کا ہوش اس کے دماغ سے روپوش ہو گیا ہے

Don't be sad. The boy is only unconscious. His consciousness is away temporarily from his mind.

